# شوقؔ قدوائی

(1928–1853)

شیخ احمد علی نام، شوقؔ تخلّص تھا۔ قصبہ جگور، ضلع بارہ بنکی، اتّر پردیش میں پیدا ہوئے۔ بدایوں اور رام پور میں تعلیم حاصل کی۔ لکھنؤ میں ایک اخبار "آزاد" نکالا۔ پرتاپ گڑھ اور بھوپال میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔

شوقؔ قدوائی فطری شاعر تھے۔ زبان و بیان پر قدرت حاصل تھی۔ انھوں نے زیادہ تر مثنویاں لکھیں جن میں قدرتی مناظر مثلاً درختوں، پھولوں اور پہاڑوں کے مناظر بہت عمدگی سے بیان کیے ہیں۔

4920CH27

© NCERT not to be republished